


# 100 Ayat Posts

Volume 14

# 100 آیات پوسٹس

جلد 14

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ

**Allah! There is no god worthy of worship except Him, the Ever- Living, All-Sustaining.**

اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔

جو سدا زندہ ہے، جو پوری کائنات سنبھالے ہوئے ہے۔

البقرة255




# فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَوْلٰىكُمْ ۭ
# نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

جان لو کہ اللہ تعالٰی تمہارا کارساز ہے
وہ بہت اچھا کارساز ہے
اور بہت اچھا مددگار ہے

**Know that Allah is your Patron;**
**most excellent is the Patron and most excellent the Helper.**

**الانعام 40**





بَدِيۡعُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ

پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کا

وَاِذَا قَضٰۤى اَمۡرًا فَاِنَّمَا يَقُوۡلُ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ●

اور جب وہ ارادہ کرتا ہے کسی کام کا تو، یہی کہہ دیتا ہے اسے
کہ ہو جا، پس وہ ہو جاتا ہے

البقرة 117


روزِ قیامت کی پیشی
يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ
لَا تَخْفَىٰ مِنكُمْ خَافِيَةٌ ○
اس دن تم لوگ پیش کیے جاؤ گے
تمہارا کوئی راز بھی چھپا نہیں رہے گا
On that day, you will be brought forward in a way
that no secret of yours will remain secret.
الحاقہ 18

رَبِّ لَا تَذَرۡنِي فَرۡدًا

اے میرے رب!

مجھے تنہا نہ چھوڑیئے

My Lord, do not leave me alone.

الانبیاء 89



# اصلی دوست کون؟

اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ

تمہارے دوست تو صرف اللہ اور اس کا رسول

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ

اور وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے جو نماز قائم کرتے

وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ●

اور زکوۃ دیتے ہیں اور وہ رکوع کرنے والے ہیں

المائدہ 55

یہ ربِ کریم کا اعلان ہے

لَئِنْ شَكَرْتُمْ


لَأَزِيدَنَّكُمْ

اگر تم شکر کرو گے تو

میں تمہیں اور زیادہ دوں گا

If you express gratitude, I shall certainly give you more.

ابراھیم 07




رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○

اے میرے رب! مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد کو بھی،
اے ہمارے رب! میری دُعا قبول فرما۔

**My Lord, make me and my descendants establishers of prayer. Our Lord, accept my prayer.**

ابراھیم 40

# وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُم

## تم پر اللہ کی جو نعمتیں نازل ہوئی ہیں
## انہیں یاد رکھو

**Remember Allah‘s favour upon you.**

المائدہ 07

اللہ تعالیٰ کی نعمتیں خواہ ظاہری ہوں یا باطنی، روحانی ہوں یا مادی، خصوصی ہوں یا عمومی اتنی بکثرت اور زیادہ ہیں جن کا نہ احاطہ ہو سکتا ہے نہ شمار۔

اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی نعمتوں کو یاد کیا کریں اور شکر ادا کرتے رہا کریں




وَ اِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝

اور بیشک

آپ اخلاق کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہیں

And you are surely on
an excellent standard of character.

القلم 04




وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ ۝

اور ہم نے آپ ﷺ کے لئے آپ ﷺ کا ذِکر بلند کر دیا ہے

And We raised high your name.

المنشرح 04



# خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَاۤ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ
وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ

محمد ﷺ تمھارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں،
مگر وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیین ہیں

Muhammad ﷺ is not a father of any of your men,
but he is a messenger of Allah
and the last of the prophets.

الاحزاب 40




نبی کریم ﷺ کی ذاتِ مبارک

بے حد بلند ہے

--------

اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

وَاَزْوَاجُهٗۤ اُمَّهٰتُهُمْ ؕ

ایمان والوں کے لیے یہ نبیؐ ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ قریب تر ہیں،

اور ان کی بیویاں ان کی مائیں ہیں۔

The Prophet is closer to the believers than their own selves,
and his wives are their mothers.

الاحزاب 06





# لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ
# لِّمَن كَانَ يَرْجُو اللَّهَ وَالْيَوْمَ الْآخِرَ

حقیقت یہ ہے کہ تمہارے لیے رسول اللہ کی ذات میں
ایک بہترین نمونہ ہے ہر اس شخص کے لیے
جو اللہ سے اور یوم آخرت سے امید رکھتا ہو

**There is indeed a good model for you in the Messenger of Allah - for the one who has hope in Allah and the Last Day**

الاحزاب 21




يٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ

یٰسٓ، قسم ہے قرآن حکیم کی

اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ

یقیناً آپ رسولوں میں سے ہیں

یٰسٓ 1تا3



اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ

جب کوئی دعا کرنے والا مجھے پکارتا ہے
تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں

I respond to the call of one when he prays to me,

البقرة:186

# پیسے کا مصرف

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ
وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ۝

اور حق ادا کرو قرابت داروں مسکینوں اور مسافروں کا
اور فضول میں مال مت اُڑاؤ

Give the relative his right, and the needy and the wayfarer.

And do not squander recklessly.



بنی اسرائیل 26



# اللہ کی راہ میں
# دیا ہوا مال
# ضائع نہیں ہوتا

وَمَا تُنفِقُوا مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ
يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا تُظْلَمُونَ ۝

اور اللہ کے راستے میں تم جو کچھ خرچ کرو گے
وہ تمہیں پورا پورا دے دیا جائے گا،
اور تمہارے لیے کوئی کمی نہیں کی جائے گی

**Whatever thing you spend in the way of Allah,**
**it will be paid to you in full,**
**and you shall not be wronged.**

الانفال 60





# صدقہ دینے والوں کے لیے خوشخبری

اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا
يُّضٰعَفُ لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ○

مردوں اور عورتوں میں سے جو لوگ صدقہ کرنے والے ہیں
اور جنہوں نے اللہ کو قرض حسنہ دیا ہے
ان کو یقیناً کئی گنا بڑھا کردیا جائے گا اور ان کے لیے بہترین اجر ہے

For those who give in Charity, men and women,
and loan to Allah a Beautiful Loan, it shall be increased
manifold and they shall have a liberal reward.

الحدید 18



# صدقات کو ظاہر کر کے یا پوشیدہ طریقے سے دینا

إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ

اگر تم صدقات کو علانیہ دو تو یہ بھی اچھا ہے

وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ

اور اگر تم انھیں چھپاؤ اور چپکے سے ضرورت مندوں کو دے دو تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے

وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ

اور اللہ تعالیٰ تم سے تمہاری برائیوں کو دور کر دے گا

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ○

اور جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ تعالیٰ اس سے باخبر ہے

البقرة 271

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ

اللہ کی رحمت سے

مایوس نہ ہو

Do not despair of Allah‘s mercy.

الزمر 53

# بُخل کی شدید مذمت

اَلَّذِیۡنَ یَبۡخَلُوۡنَ وَیَاۡمُرُوۡنَ النَّاسَ بِالۡبُخۡلِ

ایسے لوگ جو خود بھی کنجوسی کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی کنجوسی کی تلقین کرتے ہیں،

وَیَکۡتُمُوۡنَ مَاۤ اٰتٰىہُمُ اللّٰہُ مِنۡ فَضۡلِہٖ ؕ

اور اللہ نے ان کو اپنے فضل سے جو کچھ دے رکھا ہے اسے چھپاتے ہیں،

وَاَعۡتَدۡنَا لِلۡکٰفِرِیۡنَ عَذَابًا مُّہِیۡنًا ۚ

اور ہم نے ایسے ناشکروں کے لیے زلیل کر دینے والا عذاب تیار رکھا ہے۔

النساء 37

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰہَ ۚ

جس نے اطاعت کی رسول کی
اس نے اطاعت کی اللہ کی

**Whoever obeys the Messenger obeys Allah.**

النساء 80



بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# وَلِمَنۡ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ جَنَّتٰنِ ۝

اور جو شخص اپنے رب کے حضور کھڑا ہونے سے ڈرتا ہے
اس کے لئے دو باغ ہیں

And for the one who is fearful of having to stand before his Lord, there are two gardens.

الرحمٰن 46



## اللہ کو کثرت سے یاد کرو

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

اور اللہ کو بہت زیادہ یاد کرو

تاکہ تم کامیاب ہو جاؤ

And remember Allah abundantly,
so that you may be successful.

الانفال45

## اللہ سے ڈرنے اور آخرت کے لیے فکر مند ہونے کا حکم

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ

اے ایمان والو ! اللہ سے ڈرو

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ

اور ہر کوئی دیکھے کہ اس نے کل کے لیے کیا بھیجا ہے۔

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ○

اللہ سے ڈرتے رہو، اللہ یقیناً تمہارے اعمال سے باخبر ہے

الحشر 18



وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اور اللہ مُتقی لوگوں کا دوست ہے

And Allah is the friend of the God-fearing.

الجاثیہ 19

# گناہِ جاریہ پھیلانے والوں کے لیے

ارشادِ باری تعالیٰ ہے

## وَلَيَحۡمِلُنَّ اَثۡقَالَهُمۡ وَاَثۡقَالًا مَّعَ اَثۡقَالِهِمۡ

اور وہ ضرور اُٹھائیں گے اپنے بوجھ،
اور اپنے بوجھوں کے ساتھ اور بوجھ بھی۔

**They shall certainly bear their own loads,**
**and some other loads along with their own loads.**

العنکبوت 13

یعنی ایک تو اپنے گناہوں کا بوجھ، اور دوسرا بوجھ دوسروں کو گمراہ کرنے کا

حقوق اللہ کے بعد
سب سے پہلے
والدین کے حقوق ہیں

ارشادِ باری تعالیٰ ہے

اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَلِوَالِدَيْكَ ؕ

تم میرا شکر ادا کرو، اور اپنے ماں باپ کا۔

Be grateful to Me, and to your parents.

لقمان 14

## ماں باپ سے اچھا سلوک

وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوفًا ۖ

اور دُنیا میں ان کے ساتھ بھلائی سے رہو

Remain with them in this world
with due fairness.

(لقمان :15)

## لمحہ بہ لمحہ موت کی طرف رواں ہیں

# يَآاَيُّهَا الْاِنْسَانُ
# اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۝

اے انسان ! تو کشاں کشاں اپنے رب ہی کی طرف چلا جا رہا ہے
اور اس سے ملنے والا ہے

**O man, you are moving on towards your Lord, and are about to meet Him.**



الانشقاق 06



انسان کے بداعمال
عذابوں اور مصائب کا
باعث بن جاتے ہیں

مَآ اَصَابَكَ مِنۡ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ‌ۖ
وَمَاۤ اَصَابَكَ مِنۡ سَيِّئَةٍ فَمِنۡ نَّـفۡسِكَ‌ؕ

تجھے جو بھلائی ملتی ہے وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے
اور جو برائی پہنچتی ہے وہ تمہارے اپنے نفس کی بدولت ہے

**Whatever good comes to you, it is from Allah**
**and whatever evil visits you, it comes from your own selves.**

النساء79

# بے چین دِلوں کو سکون کیسے ہو؟

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ

سن لو!

اللہ کی یاد ہی سے دل اطمینان پاتے ہیں

الرعد28

اللہ کو یاد کرو گے
تو دِلوں میں ٹھنڈک آئے گی
ورنہ سُلگتے رہو گے تڑپتے رہو گے

آمین یارب العالمین

وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ۝

اور مجھے اس دن رسوانہ کرنا
جب سب لوگ اٹھائے جائیں گے

And do not put me to disgrace on the Day
when all will be raised to life.

الشعراء 87



## حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دُعا

رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ ۝

پروردگار جو بھی خیر تو مجھ پر نازل کرے
میں اس کا محتاج ہوں

My Lord, I am in need of whatever good you send down to me.

القصص24





اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں
اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

رب کریم کا فرمان ہے

# وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ○

اور میں بیشک بہت بڑا معاف کرنے والا ہوں

اسے جو توبہ کرتا ہے اور ایمان لاتا ہے اور نیک عمل کرتا ہے پھر سیدھی راہ پر چلتا رہتا ہے

**Surely I am the Most-Forgiving for him who repents and believes and acts righteously, then follows the right path.**

**طٰہٰ 82**




وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ
ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ○

اور جو کوئی بری حرکت کرے یا اپنی جان پر کوئی ظلم کر بیٹھے
اور پھر اللہ سے استغفار کرے تو وہ اللہ کو پائے گا، بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا

Whoever acts evil or wrongs himself,
then seeks forgiveness from Allah,
shall find Allah Most-Forgiving, Very-Merciful.

النساء 110

ارشاد باری تعالیٰ ہے

---

فَاِنۡ تُبۡتُمۡ فَهُوَ خَيۡرٌ لَّكُمۡ‌ۚ
وَاِنۡ تَوَلَّيۡتُمۡ فَاعۡلَمُوۡۤا اَنَّكُمۡ غَيۡرُ مُعۡجِزِى اللّٰهِ‌ ؕ

اگر تم توبہ کر لو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے
اور اگر رو گردانی کرتے رہے تو جان رکھو کہ
تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے

التوبہ 03

آیئے اللہ کے حضور اپنے گناہوں پر شرمسار ہو کر سچی توبہ کریں

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ وَاَتُوۡبُ اِلَيۡهِ

میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں
اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں



رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا
فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہم آپ پر ایمان لے آئے ہیں،
پس ہمارے گناہوں کو بخش دیجیے، اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لیجیے۔

**Our Lord, surely we have believed,**
**so forgive us our sins**
**and save us from the punishment of the Fire.**

آلِ عمران 16



آمین ثُم آمین

رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا مَعَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ۝

اے ہمارے رب !

ہمیں ظالم لوگوں کے ساتھ شامل نہ کرنا

Our Lord, do not join us with the unjust people.

الاعراف 47






# اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا
# وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ•

ہمارے سرپرست تو آپ ہی ہیں۔ پس ہمیں معاف کر دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے،
آپ سب سے بڑھ کر معاف فرمانے والے ہیں

You are our protector, so forgive us, and have mercy on us,
and You are the best among those who forgive.

**الاعراف155**

## حضرت موسٰی علیہ السلام کی ایک دُعا

# اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ

میں اللہ کی پناہ طلب کرتا ہوں
اس سے کہ
میں جاہلوں میں سے ہوجاؤں

I seek refuge with Allah from being one of the ignorant.

البقرة 67



## رنج و تکلیف میں صبر اور نماز سے مدد

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ
وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ۙ

اور صبر اور نماز سے مدد لیا کرو۔

اور بیشک نماز گراں ہے،

مگر ان لوگوں پر گراں نہیں جو عاجزی کرنے والے ہیں

Seek help through patience and prayer.
It is indeed exacting,
but not for those who are humble in their hearts.



وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۠

اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے

الفلق 05

# اے اللہ پاک!

## اگر حاسد کا حسد
## مجھے نقصان پہچانے آئے
## تو مجھے اپنی امان میں رکھنا

(آمین یارب العالمین)

ممکن ہی نہیں کہ شبِ غم کی سحر نہ ہو

جب ربِ کریم نے فرمادیا کہ

# فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ

بیشک ہر مشکل کے ساتھ (ایک) آسانی ہے

# اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ؕ

بیشک اسی مشکل کے ساتھ (ایک اور) آسانی ہے

المنشرح 5 - 6


لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ
اللہ کی رحمت سے
مایوس نہ ہو
Do not despair of Allah‘s mercy.
الزمر 53




# إِنَّهُ كَانَ بِي حَفِيًّا ●

بیشک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے

He is indeed very kind to me.

مریم 47




فَاِذَا عَزَمۡتَ فَتَوَکَّلۡ عَلَی اللّٰہِ ؕ

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الۡمُتَوَکِّلِیۡنَ ۝

جب آپ کا ارادہ پختہ ہو جائے تو اللہ پر بھروسہ کریں۔

یقیناً اللہ توکل کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔

And when you have decided, then rely upon Allah.
Indeed, Allah loves those who rely [upon Him].

آلِ عمران 159

# اللہ کو سب کچھ پتہ ہے

## إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○

بیشک اللہ تعالیٰ تمہارے اعمال کو
دیکھ رہا ہے

**Certainly, Allah is watchful of what you do.**

البقرۃ110




إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ○

یقیناً اللہ تعالیٰ توبہ کرنے والوں سے محبت کرتا ہے
اور پاک صاف رہنے والوں سے محبت رکھتا ہے

Indeed, Allah loves those who are constantly repentant
and loves those who purify themselves.

البقرة 222

## غصے کو پی جانا

ایمان کی خاص علامت ہے
اللہ رب العزت نے متقین کی
صفات بیان کرتے ہوئے فرمایا:



وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ

اور جو غصے کو پی جانے
اور لوگوں کو معاف کر دینے کے عادی ہیں

And those who control anger and forgive people.

آلِ عمران 134

# فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا

تم معاف کرو اور

درگزر سے کام لو

So, forgive and overlook

البقرة109



گفتگو میں احتیاط،
ہمیشہ اچھی بات کہیں
ورنہ شیطان فساد کروا دے گا

ارشادِ باری تعالیٰ ہے

وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ

اور آپ میرے بندوں سے کہہ دیجیے کہ وہی بات کہیں جو بہت اچھی ہو

اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ؕ

یقیناً شیطان ان کے درمیان جھگڑا ڈالے گا

اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ○

یقیناً شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے

بنی اسرائیل 53

# بیویوں کے ساتھ حسن سلوک

وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ

اور ان کے ساتھ بھلے انداز میں زندگی بسر کرو

فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا

اور اگر تم انھیں پسند نہ کرتے ہو
تو یہ عین ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو ناپسند کرتے ہو

وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ●

اور اللہ نے اس میں بہت کچھ بھلائی رکھ دی ہو

النساء 19



# کن لوگوں کے لیئے خوشخبری ہے

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ

توبہ کرنے والے ، اللہ کی بندگی کرنے والے ، اس کی حمد کرنے والے ، روزے رکھنے والے ،

الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ

رکوع میں جھکنے والے ، سجدے کرنے والے ،

الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

نیکی کی تلقین کرنے والے ، اور برائی سے روکنے والے ،

وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

اور اللہ کی قائم کی ہوئی حدوں کی حفاظت کرنے والے

(اے پیغمبرؐ) ایسے مومنوں کو خوشخبری دے دو

التوبہ 112

وَأَحۡسِن كَمَآ أَحۡسَنَ ٱللَّهُ إِلَيۡكَ

اور لوگوں پر احسان کر
جس طرح اللہ نے تجھ پر احسان فرمایا ہے

And do good (to others)
as Allah did good to you.

القصص 77






# اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ

## جو صبر کرنے والے ہیں ان کو بے شمار ثواب ملے گا

**Certainly those who observe patience will be given their reward in full without measure.**

الزمر 10




فَصَبْرٌ جَمِيلٌ ۖ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ

پس صبر ہی بہتر ہے
اور اللہ ہی کی مدد طلب کی جاسکتی ہے

So, patience is best.
It is Allah whose help is sought.

يوسف18

# صبر کے لیے دُعا

## رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَيۡنَا صَبۡرًا وَّتَوَفَّنَا مُسۡلِمِيۡنَ

اے ہمارے رب ! ہم پر صبر ڈال دے
اور ہمیں اس حال میں موت دے کہ ہم اسلام پر ہوں

Our Lord! pour out on us patience,
and cause us to die as Muslims.

الاعراف 126

آمین ثم آمین




يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ○

اے ایمان والو صبر اور نماز کے ذریعے مدد مانگو
بلاشبہ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

O you who believe, seek help through patience and prayer.
Surely, Allah is with those who are patient.

البقرة 153




وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۝

اور خوشخبری سُنادیجیے

صبر کرنے والوں کو

And give good tidings to the patient.

البقرة155




اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

بیشک
اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے

Surely, Allah is with the patient.

الانفال46

## صبر کے ساتھ
## مصائب و آلام کو برداشت کرنا

وَاصۡبِرۡ عَلٰی مَاۤ اَصَابَکَ ؕ

اِنَّ ذٰلِکَ مِنۡ عَزۡمِ الۡاُمُوۡرِ ۝

اور تمہیں جو تکلیف پیش آئے، اس پر صبر کرو
بیشک یہ بڑی ہمت کا کام ہے

And observe patience on what befalls you.
Surely, this is among the matters of determination.

لقمان 17




اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ۝

حقیقت یہ ہے کہ
وہی ہے جو بڑا محسن، بہت مہربان ہے

He is surely the Most-Kind, the Very-Merciful.

الطور 28



إِنَّهُ هُوَ الْحَكِيمُ الْعَلِيمُ ○

یقین جانو وہی ہے
جو بڑی حکمت کا، بڑے علم کا مالک ہے

Surely, He is All-Wise, All-Knowing.

الذاریات 30




اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ

هُوَ يَقْبَلُ التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ الصَّدَقٰتِ

اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے اور ان کے صدقات کو قبولیت عطا فرماتا ہے

وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ○

اور یہ کہ اللہ بہت ہی توبہ قبول فرمانے والا، بہت رحم فرمانے والا ہے

التوبہ 104




## صرف رزقِ حلال
## کا استعمال اور نعمتوں کا شکر

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا
وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ○

سو، اس میں سے کھاؤ
جو اللہ تعالیٰ نے تمہیں رزق حلال پاک عطا فرمایا
اور اللہ تعالیٰ کی نعمت کا شکر ادا کرو
اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو

**So, eat the permissible and pure things from what Allah has provided you, and be grateful for the bounty of Allah, if you worship Him alone.**

النحل 114




قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّ مَغْفِرَةٌ خَيْرٌ
مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَ اللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ۝

اچھی بات کرنا اور معاف کردینا
اس صدقه سے بہتر ہے جس کے بعد تکلیف دی جائے
اور اللہ تعالیٰ بڑا بے نیاز اور نہایت بردبار ہے

A kind word and forbearance is better than that charity
which is followed up by insult or injury.
Allah is Self-Sufficient and Forbearing.

البقرة263

# مشورہ کرنا

## وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۚ

## اور معاملات میں ان سے مشورہ لیتے رہیں

**And consult them in the matter.**

آلِ عمران 159

اہم معاملات میں باہمی مشورہ لینا آپ ﷺ اور حضرات صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم
کی سُنت اور دُنیا و آخرت میں باعثِ برکت ہے۔ معارف القرآن 2/219




سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى ۝

اپنے پروردگار کے نام کی تسبیح کرو
جس کی شان سب سے اُونچی ہے

Glorify the Name of your Lord, the Most High.

الاعلیٰ 01

خالص توبہ کے بعد ایمان و اصلاح کے ساتھ
زندگی گزارنے سے ہر گناہ معاف ہو جاتا ہے

وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۡ
اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

اور جو لوگ برے عمل کریں پھر توبہ کرلیں
اور ایمان لے آئیں
تو یقیناً اس توبہ و ایمان کے بعد تیرا رب در گزر اور رحم فرمانے والا ہے

And those who committed misdeeds and then repented after them and believed - indeed your Lord, thereafter, is Forgiving and Merciful.

الاعراف153

شہد



فِيهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ

اس میں لوگوں کے لیے

شفا ہے

In which there is cure for people.


النحل 69

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ

ہر جاندار کو موت کا مزہ چکھنا ہے

Every soul has to taste death.

آلِ عمران 185



توبہ کرتے رہا کرو

نہ جانے زندگی

کب تمام ہو جائے

# اہلِ جنت کی کچھ صفات

اَلَّذِیۡنَ یُنۡفِقُوۡنَ فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ

وہ لوگ جو خرچ کرتے ہیں کشادگی میں بھی اور تنگی میں بھی

وَالۡکٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَالۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ ؕ

اور وہ اپنے غصے کو پی جانے والے اور لوگوں کی خطاؤں سے در گزر کرنے والے ہیں

وَاللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ ۝

اور اللہ ایسے نیک لوگوں سے محبت کرتا ہے

آلِ عمران 134



## أَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ

کون ہے جو بے بس کی پکار کو سنتا ہے اور اس کے دُکھ کو دور کر دیتا ہے

## وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ

اور تم کو زمین کا جانشین بناتا ہے

## ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ○

کیا اللہ کے سوا کوئی اور معبود ہے؟
تم بہت کم نصیحت پکڑتے ہو۔

النمل 62

اللہ تعالیٰ ہر لمحے ہمارے ساتھ ہے
اور ہمارے ہر عمل سے مکمل باخبر ہے

وَهُوَ مَعَكُمْ أَيْنَ مَا كُنْتُمْ ۚ
وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ○

اور تم جہاں کہیں ہو، وہ تمہارے ساتھ ہے۔
اور جو کام بھی تم کرتے ہو اللہ اس کو دیکھتا ہے۔

He is with you wherever you are,
and Allah is watchful of whatever you do.

الحدید 04

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَیٰقَوۡمِ اسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّکُمۡ ثُمَّ تُوۡبُوۡۤا اِلَیۡہِ

اور اے میری قوم کے لوگو! اپنے پروردگار سے استغفار کرو پھر اسی کی طرف رجوع کرو

یُرۡسِلِ السَّمَآءَ عَلَیۡکُمۡ مِّدۡرَارًا

وہ آسمان سے تم پر خوب پانی برسائے گا

وَّیَزِدۡکُمۡ قُوَّۃً اِلٰی قُوَّتِکُمۡ وَلَا تَتَوَلَّوۡا مُجۡرِمِیۡنَ○

اور تمہاری موجودہ قوت میں مزید قوت کا اضافہ فرمائے گا
اور تم روگردانی نہ کرو مجرم بن کر

ھود 52



آپس میں احسان،
بھلائی اور فراخ دلی

وَلَا تَنۡسَوُا الۡفَضۡلَ بَيۡنَكُمۡ ط

آپس کے معاملات میں
فیّاضی کو نہ بُھولو

Do not forget to show generosity
in your dealings with one another.

البقرة237



# مجبور اور تنگ دست سے رعایت

وَاِنۡ كَانَ ذُوۡ عُسۡرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيۡسَرَةٍ ؕ

اور اگر مقروض تنگ دست ہو تو فراخی حاصل ہونے تک اسے مہلت دو

وَاَنۡ تَصَدَّقُوۡا خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ○

اور اگر تم صدقہ ہی کر دو تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے، اگر تم جانتے ہو۔

If the debtor is in a difficulty, grant him time Till it is easy for him to repay. But if ye remit it by way of charity, that is best for you if ye only knew.

البقرۃ 280

رزق میں اضافہ ہونے لگے تو جھک جاؤ، ڈر جاؤ،
کہیں مال کی آزمائش تو نہیں، ہاتھ کھول دو۔
دستر خوان وسیع کر دو اور عاجز ہو جاؤ،
رزق میں برکت اور اضافہ چاہتے ہو تو
کثرت سے اللہ کا شکر ادا کرو۔ ربِ کریم کا فرمان ہے

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَأَزِيْدَنَّكُمْ

اگر تم شکر کرو گے تو

تم کو اور زیادہ دوں گا

If you express gratitude, I shall certainly give you more.

سورۃ ابراھیم 07




اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِىْ خَلَقَ ۝

پڑھو اپنے پروردگار کا نام لے کر
جس نے سب کچھ پیدا کیا

**Read with the name of your Lord who created (every thing).**

العلق 01




وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۝

اور قرآن کی تلاوت

اطمینان سے صاف صاف کیا کرو

And recite the Quran with most pleasant pauses.

المزمل 04




بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۙ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۙ

بیشک یہ قرآن بہت بڑی عزت والا ہے جو ایک محفوظ کتاب میں درج ہے

## لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ۭ

جسے صرف پاک لوگ ہی چھو سکتے ہیں

الواقعة 77،78،79

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ


وَاجۡعَلۡنِیۡ مِنۡ وَّرَثَۃِ جَنَّۃِ النَّعِیۡمِ ۙ

اور مجھے ان لوگوں میں سے بنادے
جو نعمتوں والی جنت کے وارث ہوں گے

And make me one of the
inheritors of the Paradise of Delight.

الشعراء 85

آمین ثم آمین



الله
جل جلالہ
كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۝
وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۝
ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے
اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے
All that exists on the earth shall perish.
Only your Lord, possessed of majesty and honour,
shall endure for ever.
الرحمٰن 26، 27




سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ●

رحمت والے پروردگار کی طرف سے

انھیں سلام کہا جائے گا

Peace be with you, will be a greeting for them
from the Merciful Lord.

یٰس 58

## قیامت کے دن مجرمین کے خلاف ان کے اعضاء کی گواہی

اَلۡیَوۡمَ نَخۡتِمُ عَلٰۤی اَفۡوَاہِہِمۡ وَ تُکَلِّمُنَاۤ اَیۡدِیۡہِمۡ
وَ تَشۡہَدُ اَرۡجُلُہُمۡ بِمَا کَانُوۡا یَکۡسِبُوۡنَ ○

آج کے دن ہم ان کے منہ پر مہر لگا دیں گے،
اور ان کے ہاتھ ہم سے بات کریں گے،
اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے کہ وہ کیا کمائی کیا کرتے تھے

یٰس 65

قیامت کے دن زبان پر مہر لگا کر انگلیوں کو
بھی جب موقعہ ملے گا تو بہت سارے لوگ
خلائق کے سامنے عزت و وقار گنوا بیٹھیں گے،
لہٰذا اس مختصر سی زندگی میں جتنا ممکن ہو
محتاط رہنے کی کوشش کریں۔



# اُمتِ مُسلمہ کا مقام اور کام

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ

تم بہترین اُمت ہو جو لوگوں کے لیے نکالی گئی ہے

تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ

تم نیک باتوں کا حکم کرتے اور بُری باتوں سے منع کرتے ہو

وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ؕ

اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو

آلِ عمران 110

وَلَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي الْأَرْضِ ط
إِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ○

زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش نہ کر،
اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا

And do not seek to make mischief in the land,
surely Allah does not love the mischief-makers.

القصص 77

# مغفرت اور عظیم اجر کا وعدہ
# کس کے لیئے

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ

اللہ کا وعدہ ہے ان لوگوں سے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے

لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

کہ ان کے لیے مغفرت بھی ہے اور اجر عظیم بھی

Allah has promised those who believe and do good deeds:
For them there is forgiveness and a great reward.

المائدہ09




## اَلَّذِیۡنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتۡ قُلُوۡبُہُمۡ

جن کا حال یہ ہے کہ اللہ کا فرمان سنتے ہیں تو ان کے دل کانپ اٹھتے ہیں

## وَالصّٰبِرِیۡنَ عَلٰی مَاۤ اَصَابَہُمۡ وَالۡمُقِیۡمِی الصَّلٰوۃِ ۙ

ان پر مصیبت آئے تو اس پر صبر کرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں

## وَمِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ یُنۡفِقُوۡنَ ○

اور جو کچھ رزق ہم نے ان کو دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں

الحج 35




وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

اور اللہ سے مغفرت مانگتے رہو
یقین رکھو کہ اللہ بہت بخشنے والا، بہت مہربان ہے

And seek forgiveness from Allah.
Indeed Allah is Most-Forgiving, Very-Merciful.

المزمل 20




## صرف اور صرف اللہ کا خوف

فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ●

اللہ اس بات کا زیادہ حق رکھتا ہے
کہ تم اس سے ڈرو، اگر تم مومن ہو

Allah has greater right that you fear Him,
if you are believers.

التوبہ 13




إِنِّيٓ أَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ○

میں اللہ سے ڈرتا ہوں
جو تمام جہانوں کا رب ہے

I fear Allah,
the Lord of the worlds.

المائدہ28

# اپنے رب کے حکم مانو

## اِسۡتَجِيۡبُوۡا لِرَبِّكُمۡ

مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ يَّاۡتِىَ يَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ‌ؕ مَا لَـكُمۡ مِّنۡ مَّلۡجَاٍ يَّوۡمَئِذٍ وَّمَا لَـكُمۡ مِّنۡ نَّكِيۡرٍ ○

مان لو اپنے رب کی بات

قبل اس کے کہ وہ دن آئے جس کے ٹلنے کی کوئی صورت اللہ کی طرف سے نہیں ہے

اس دن تمہارے لیے کوئی جائے پناہ نہ ہوگی اور نہ ہی وہ گناہوں کا انکار کر سکیں گے

الشوریٰ 47



وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ○

اور اللہ کو کثرت سے یاد کرو
تاکہ تمہیں فلاح نصیب ہو

And remember Allah much,
that you may be successful.

الجمعة 10

## آپس میں جھگڑے کرنے کے 2 نقصان

# وَلَا تَنَازَعُوا

# فَتَفْشَلُوا وَتَذْهَبَ رِيحُكُمْ

اور آپس میں جھگڑا نہ کرو،

ورنہ تم کمزور پڑ جاؤ گے، اور تمہاری ہوا اُکھڑ جائے گی

And do not quarrel with each other,
lest you should lose courage, and your prowess should evaporate.

الانفال 46

الله جل جلاله

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ الۡاُمُوۡرِ ○

اور تمام کاموں کا انجام
اللہ ہی کی طرف ہے

Towards Allah is the ultimate end
of all matters.

لقمان 22

رب کا بہت شکرادا کیا کریں

# قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

تم بہت کم شکر ادا کرتے ہو

How little you pay gratitude!

الملک 23

شُکر، رب کو راضی کرنے کا بہترین طریقہ

وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ لَكُمْ ؕ

اور اگر تم شکر کرو
تو وہ تم سے راضی ہو گا

If you are thankful, He is pleased with you.

الزمر 07